حمیرا خاتون

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر صاحب!

میں قاعدہ 52 (الف) کے تحت اس معزز ایوان میں وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک انتہائی اہم اور فوری عوامی نوعیت کے مسلہ کی جانب مبذول کراتی ہوں جو کہ حکومت کی جانب سے ٹیکسٹ بک بورڈ کو مفت درسی کتب کی چھپائی کے لئے فنڈز کی عدم فراہمی سے نئے تعلیمی سال کے لئے درسی کتب کی چھپائی کا عمل روک جانے اور مستحق طلبہ وطالبات کو مفت درسی کتب کی فراہمی کا منصوبہ کھٹائی میں پڑنے کے خدشات سے طلبہ وطالبات اور والدین میں پائی جانی والی تشویش اور اضطراب سے متعلق ہے۔

جناب سپیکر صاحب!

صوبہ بھر میں تعلیم کے فروغ کے لئے ٹیکسٹ بک بورڈ ہر سال بڑی تعداد میں درسی کتب کی چھپائی کر کے صوبہ بھر میں مستحق طلبہ وطالبات کو مفت درسی کتب فراہم کرتی ہے جس کے نتیجے میں بڑی تعداد میں نادار اور مستحق طلبہ وطالبات بھی زیور تعلیم سے آراستہ ہو رہے ہیں۔ گزشتہ ماہ محکمہ تعلیم نے ایک سرکلر کے ذریعے چیرمین ٹیکسٹ بک بورڈ کو آگاہ کیا ہے کہ اگلے سال کے لئے ٹیکسٹ بک بورڈ اپنے فنڈز سے درسی کتب کی چھپائی کا اہتمام کرے گا جس سے یہ خدشہ پیدا ہو گیا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے درسی کتب کے لئے فنڈز کی عدم فراہمی سے ٹیکسٹ بک بورڈ مفت درسی کتب کی فراہمی کا منصوبہ کھٹائی میں پڑ سکتا ہے لہذا اس معزز ایوان میں وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم اس انتہائی اہم ایشو پر اصل صورتحال سے ایوان کو آگاہ کریں اور درسی کتب کی بروقت چھپائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ اس سلسلے میں طلبہ وطالبات اور والدین میں پائی جانی والی شدید تشویش کا ازالہ ممکن ہو سکے۔ بہت شکریہ

Humaira

حمیرا خاتون

ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

CALL ATTENTION NOTICE
Session No. 2181
Notice No. 2374
Received Time 2:31 pm
Received Date 12/05/2022
[illegible] MPA حمیرا خاتون
Receiver [illegible]